**Exercise 1** **Tapescript**

## مشق نمبر: اسوال 1تا 6

سوال نمبر 1 سے 6 تک کے لیے آپ چھ مختلف حصے سنیں گے۔ ہر سوال کا جواب دی گئی لائن پر تحریر کیجیئے۔ آپ کا جواب مختصر ہونا چاہیئے۔

آپ ہر فقرے کو دو بار سنیں گے۔

**DONOT** Read this – for reference only | **-1 والد صاحب کو بُخار کے علاوہ کیا تکلیف ہے؟**

F فرح۔ ہیلو ڈاکٹر صاحب! میں فرح بول رہی ہوں۔ میرے والد صاحب کی طبیعت صبح سے خراب ہے۔ اُنہیں تیز بُخار ہے اور سینے میں درد کی شکایت بھی ہے۔ برائے مہربانی آپ اُنہیں گھر آکر دیکھ لیں۔ وہ کلینک نہیں آ سکتے۔

**DO NOT** Read this – for reference only | **-2 زینب گھر دیر سے کیوں آئے گی؟**

M والد۔ بیٹی میں خیریت سے ہوں۔ آپ بتایئے کام سے چھٹی ہو گئی کیا؟

F زینب۔ جی! ابو جان میں نے ابھی کام ختم کیا ہے۔ مگر اب میں تھوڑی دیر کے لیے بتول کے ساتھ خریداری کرنے جا رہی ہوں۔ اس لئے گھر ذرا دیر سے آؤں گی۔ آپ فکر مت کیجئے گا۔

M والد۔ اچھا بیٹی! اپنا خیال رکھنا۔ خدا حافظ۔

**DO NOT** Read this – for reference only | **-3 انجم اور سارہ کہاں اکٹھے جانے کی بات کر رہی ہیں؟**

F1 انجم۔ سارہ کیا حال ہے؟ بہت اسمارٹ نظر آ رہی ہو۔ کیا کرتی رہی ہو؟

F2 سارہ۔ میں نے جم جانا شروع کیا ہے۔ تُم بھی میرے ساتھ آیا کرو۔ ایک تو ورزش کرنے سے صحت اچھی رہتی ہے، دوسرے سہیلیوں کے ساتھ وقت گزارنے کا بہترین موقع ملتا ہے۔

F1 انجم۔ اچھا! تو پھر ملتے ہیں اگلے ہفتے۔

**DO NOT** Read this – for reference only | **-4 بُدھ کے دن موسم کیسا رہے گا؟**

M اب آپ موسم کا حال سُنیے۔

محکمہء موسمیات کے مطابق آج ملک بھر میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ کل شمالی علاقوں میں تیز ہوائیں چلیں گی اور درجہ حرارت قدرے کم ہو جائے گا۔ سارا دن بادل بھی چھائے رہیں گے۔ بُدھ کے دن دھوپ نکلے گی، ہاں البتہ رات کو ذرا سردی ہو جائے گی۔

**DO NOT** Read this – for reference only | **-5 مسافروں کو ٹکٹ کیسے خریدنے ہیں؟**

F برائے مہربانی توجہ فرمایئے۔ کمپیوٹر کی خرابی کی وجہ سے آج ٹکٹ بیچنے کا دفتر بند رہے گا۔ مسافروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ ٹرین پر چڑھنے سے پہلے مشینوں سے ٹکٹ خود حاصل کریں۔ کسی قسم کی مشکل پیش آنے کی صورت میں ہمارے ریلوے کے ملازمین سے مدد لے سکتے ہیں جو کہ یونیفارم پہنے مشینوں کے قریب موجود ہیں۔ شکریہ۔

M کلرک۔ جی ! فرمایئے میں آپ کی کیا مدد کر سکتا ہوں ؟

F رقیہ۔ مجھے یہ سرکاری خط بھیجنا ہے اور میں نہیں چاہتی کہ یہ گم ہو جائے۔

M کلرک۔ اگر آپ عام ڈاک کے ذریعے بھیجیں تو اس کے 5 پونڈ ہیں اور رجسٹری کے ذریعے 15 پونڈ لگیں گے۔

F رقیہ۔ یہ لیجئے رجسٹرڈ خط کی رقم ! شکریہ۔"

# Extra Rubrics

That is the end of exercise 1. In a moment you will hear exercise 2. Now look at the questions for this part of the exam.

مشق نمبر ایک ختم ہوئی۔ آپ تھوڑی دیر میں مشق نمبر 2 سنیں گے۔ اب آپ پرچے میں دیئے گئے مشق نمبر دو کے سوالات پڑھیئے۔

## Exercise 2

مشق نمبر:2 سوال نمبر:7 (F)

7- آپ ٹیلیفون پر چھوڑے گئے پیغام کو سنیں اور دی گئی تفصیل مکمل کریں۔ آپ اس پیغام کو دوبار سنیں گے۔

اسلام علیکم آمنہ !

F بیٹی ! میں تمہاری والدہ بول رہی ہوں۔ کل مجھے کانفرنس میں جانا ہے، اس لیے گھر پر نہیں ہو نگی۔ میں تمہیں کچھ کام بتا رہی ہوں وہ ضرور کر دینا۔ کل یعنی بدھ کے روز جمال کھڑکیاں صاف کرنے کے لیے صبح دس بجے آئے گا۔ جب وہ کام ختم کر لے تو اُسے 20 پاؤنڈ دے دینا جو میں نے انگیٹھی پر رکھے ہیں۔ میں نے فریج میں بھنڈی کا سالن اور کچھ کباب بنا کر رکھ دیئے ہیں۔ اسکے علاوہ اگر کچھ اور بھی کھانا چاہو تو خود بنا لینا۔ دودھ اور انڈے ختم ہو گئے ہیں، اگر بازار جاؤ تو لیتی آنا۔ میرے کھانے کی فکر نہ کرنا۔ میں شام کا کھانا کھا کر آؤں گی۔ ہاں ! مجھے یاد آیا کہ میری میز پر دو خط رکھے ہیں اگر باہر جاؤ تو انہیں ڈاک میں ڈال دینا۔ شام کو یاد سے کوڑے والا ڈبہ بھی باہر رکھ دینا ۔ کپڑے دھونے والی مشین خراب ہے اس لیے کمپنی کو فون کر کے بتا دینا اور یہ ضرور بتانا کہ اس کی گارنٹی ابھی چھ ماہ کے لیے باقی ہے۔ اگر میرے لیے کوئی فون کرے تو ان کا نام اور نمبر ضرور لکھ لینا تا کہ میں ان سے رابطہ کر سکوں۔ شام کو تمہاری خالہ بھی تم سے ملنے آئیں گی، ایک اچھی میزبان کی طرح اُن کا خیال رکھنا۔ اگر مجھے پہنچنے میں دیر ہو گئی تو میں تمہیں فون کر دوں گی، ویسے میری ریل گاڑی تقریباً شام 8 بجے تک پہنچ جائے گی۔

اچھا بیٹی ! اپنا خیال رکھنا اور سارے کام یاد سے وقت پر کر دینا۔ خُدا حافظ۔

اب آپ یہ گفتگو دوبارہ سنیئے۔

That is the end of exercise 2. In a moment you will hear exercise 3. Now look at the questions for this part of the exam.

مشق نمبر 2 ختم ہوئی۔ آپ تھوڑی دیر میں مشق نمبر 3 سنیں گے۔ اب آپ پرچے میں دیئے گئے مشق نمبر تین کے سوالات پڑھیئے۔

## Exercise 3

**مشق نمبر: 3 سوال نمبر 8 تا 13 (M)**

آپ ایک رپورٹ سن رہے ہیں جس میں شندوری میلے کے بارے میں تفصیل بتائی جا رہی ہے۔

آپ متن کو دوبار سنیں گے۔

مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھ کر متن کی روشنی میں بریکٹ میں دئے گئے غلط الفاظ کی جگہ درست لفظ فقرے کے آگے خالی جگہ میں لکھیں۔

**DO NOT** Read this – for reference only

### شندُوری میلہ

قدرت نے پاکستان کو بلند پہاڑوں، دلکش وادیوں اور وسیع میدانوں سے نوازا ہے۔ یہاں دنیا کے تین بڑے پہاڑی سلسلے ہیں۔ پاکستان کے تمام علاقوں اور پوری دنیا سے کوہ پیما اور سیاح یہاں پر آتے ہیں۔ یہاں کی خوبصورتی جنت کا نمونہ پیش کرتی ہے۔ اِنہیں پہاڑوں کے درمیان شہر چترال بستا ہے۔ وادی چترال سے شندور پاس یعنی درہ تقریباً ڈیڑھ سو کلو میٹر پر واقع ہے۔ اس درے کی بلندی بارہ ہزار فٹ ہے۔ یہ علاقے اپنے حسن اور ان سے متعلق کہانیوں کی وجہ سے بہت پراسرار سمجھے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہاں کی جادو بھری ہوائیں ہر چیز اپنے ساتھ اڑا لے جاتی ہیں۔ یہاں پر ایک ان دیکھی مخلوق بستی ہے اور کبھی کبھی حسین پریاں مسافروں کو لوٹ کر لے جاتی ہیں۔ جھیلوں کے صاف اور شفاف پانی میں یہ پریاں غسل کرتی ہیں۔ ایسی کہانیوں اور خطرناک راستوں کے باوجود لوگ یہاں آنے سے نہیں رکتے۔ یہاں کی ثقافت کے بارے میں بتاتے ہوئے اب آپ کو یہاں کے شندوری میلے سے متعارف کرواتے ہیں۔ اس میلے کا آغاز انگریزوں نے اصل میں شندور پولو کھیل کے مقابلے سے شروع کیا۔ پھر یہ مقابلہ اس علاقے میں باقاعدہ ایک میلے میں بدل گیا۔ پہلے پہل یہ ریاست کے فوجیوں کے فارغ اوقات میں کھیلنے اور ان کے لیے تربیتی کورس کے طور پر شروع کیا گیا۔ شندور کے میلے کی اصل رونق چترال اور گلگت کی ٹیموں کے درمیان پولو کھیل کا مقابلہ ہے۔ اس میں چھ کھلاڑی حصہ لیتے ہیں جو دس دس منٹ کے وقفہ کے ساتھ ایک گھنٹہ تک جاری رہتا ہے۔ مہارت سے گھوڑا دوڑانا ایک فن ہے اور یہ کھلاڑی اپنے فن کا اظہار اس کھیل کے ذریعے کرتے ہیں۔ اس مقابلے کے لیے دونوں ٹیموں کے چاہنے والے لوگ ڈھول اور ناچ کے ساتھ اپنے کھلاڑیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ان کے نعرے ہواؤں میں گونج اُٹھتے ہیں۔ اس موقع پر شندور کا میلہ خوبصورت منظر پیش کرتا ہے۔ جو لوگ کھیل کے مقابلے میں دلچسپی نہیں رکھتے، وہ میلے کی رونق سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

یہاں کے باشندے بہت محنتی اور خوش اخلاق ہیں اور سیاحوں کے آرام کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ سیاح بھی یہاں بہت ساری خریداری کرتے ہیں۔ کچی جھونپڑی میں تیار شدہ چائے مہمان نوازی کے طور پر سیاحوں کو مفت پیش کی جاتی ہے۔ اس جیسی چائے کا ذائقہ دنیا میں اور کہیں نہیں ملتا۔ آپ بھی جولائی کے مہینے میں اپنی چھٹیاں گزارنے یہاں ضرور آئیں اور اپنی آنکھوں سے اس جنت کا نظارہ کریں۔

اب آپ رپورٹ کو دوبارہ سنیئے۔

That is the end of exercise 3. In a moment you will hear exercise 4. Now look at the questions for this part of the exam.

مشق نمبر 3 ختم ہوئی۔ آپ تھوڑی دیر میں مشق نمبر 4 سنیں گے۔ اب آپ پرچے میں دیئے گئے مشق نمبر چار کے سوالات پڑھیئے۔

## Exercise 4

**مشق نمبر: 4 سوال نمبر 14 تا 20 (F)**

آپ لونگ کی خشک کلیوں کے بارے میں ایک تحقیقی لیکچر سن رہے ہیں۔ جس کا عنوان ہے " خشک کلیاں لونگ کی "

آپ یہ لیکچر دو بار سنیں گے۔ متن کو سن کر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔۔

**DO NOT** Read this – for reference only

خشک کلیاں لونگ کی

لونگ کا سدا بہار درخت گرم علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ لونگ گہرے بھورے رنگ میں کلی کی شکل میں درخت پر اگتی ہے۔ اس درخت کی زیادہ تر اونچائی بارہ فٹ تک ہوتی ہے۔ سب سے پہلے اس درخت کی کاشت انڈونیشیا میں کی گئی تھی۔ اب یہ درخت دوسرے کئی ممالک میں بھی اگایا جاتا ہے۔ ایک وقت تھا جب دنیا کے کئی علاقوں میں اسے قیمتی اور بہت مہنگی چیز سمجھا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ بہت سے سونے کی تجارت کرنے والوں نے بھی لونگ کی خرید و فروخت میں دلچسپی لینا شروع کر دی۔ اب تو اس کی قیمت تقریباً باقی مسالوں جیسی ہی ہے۔ اس لئے زیادہ تر لوگ اس بات سے لاعلم ہیں کہ پہلے زمانے میں یہ بہت قیمتی شے تھی۔

اکثر لوگ اس کی تمام خوبیوں سے بھی واقف نہیں ہیں۔ آج کے زمانے میں تو اسے کھانے میں استعمال کرنے کا ایک مسالہ ہی سمجھا جاتا ہے۔ ایشیائی ممالک میں کھانے میں اسے ذائقے اور خوشبودار مسالے کے طور پر ڈالا جاتا ہے۔ اسے میٹھے اور نمکین دونوں طرح کے کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی تیز خوشبو کی وجہ سے اسے لوبان کے طور پر بھی جلایا جاتا ہے۔ البتہ یہ خوشبو چیونٹیوں کو سخت ناپسند ہے۔ وہ اس کے جلنے پر تیزی سے بھاگنے لگتی ہیں، لہٰذا ان سے جان چھڑانے کا ایک بہترین طریقہ بھی ہے۔ اسے مختلف شکلوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسا کہ ثابت، پاؤڈر یا پھر تیل کی شکل میں۔

ذائقے اور خوشبو کے علاوہ اس کے بہت سے طبّی فائدے بھی ہیں۔ جسم کے مختلف حصوں میں درد کی شدت کو کم کرنے کے لیے بہترین دوا ہے۔ یہ نزلہ اور زکام سے نجات بھی دلاتا ہے۔ اس کے علاوہ لونگ کے تیل کی مالش بھی کی جاتی ہے۔ جسم کو سکون پہنچانے کے لیے لونگ کے تیل کی مالش فائدہ مند ہے۔ ہاں البتہ بعض لوگوں کو لونگ کے تیل کی مالش کرنے سے خارش کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اگر ایسا ہو تو اس کا استعمال فوری طور پر روک دینا چاہیے۔

اسے استعمال کرتے وقت ساری معلومات سے واقفیت رکھنا لازمی امر ہے اور پرہیز کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ دو سال سے کم عمر بچوں کے لیے لونگ کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ اس کے علاوہ حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی ماؤں کو بھی لونگ استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

اب آپ لیکچر کو دوبارہ سنیئے۔

That is the end of exercise 4 and end of recording.

مشق نمبر 4 ختم ہوئی اور اس کے ساتھ ریکارڈنگ بھی ختم ہوئی۔